سوال

زکات

جواب

زیورات پر زکوۃ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ جناب اگر میں نے پچھلے سال زکوۃ دے دی تھی تو اس سال بھی مجھے زیورات پر زکوۃ دینا ہوگی۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! جی ہاں اس سال بھی زکوۃ دینا ہوگی۔ کیونکہ زیورات سونے کے ہوں یا چاندی کے ہوں، جب نصاب کو پہنچ جائیں تو ان پر ہر سال زکوٰۃ فرض ہے، تا آنکہ زیورات نصاب سے کم ہو جائیں تو پھر زکوٰۃ فرض نہیں رہے گی۔ یاد رہے سونے کا نصاب بیس دینار۔ ''ساڑھے سات تولہ ہے'' جبکہ چاندی کا نصاب دو سو درہم ''ساڑھے باون تولے''۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی